شیخ چلپی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علامہ متقی نے حدیث کی بڑی کتب سے اصول سنت کے بارے میں جتنی احادیث کو جمع فرمایا اس سے زیادہ کسی نے نہیں کیا

احمد عبدالجواد رحمہ اللہ کہتے ہیں جس نے اس کتاب کا مطالعہ کیا گویا کہ اس نے حدیث کی شرح سے زائد کتابوں کا مطالعہ کیا

اردو ترجمہ

کنز العُمّال

فی سنن الأقوال والأفعال

مستند کتب سے رواۃ حدیث سے متعلق کلام حوالہ کے ساتھ شامل کتاب ہے

تالیف

علامہ علاء الدین علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری حنفی

مقدمہ، عنوانات، نظرثانی، تصحیحات

مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب

استاذ و معین مفتی جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

دار الاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون: 32631861

شیخ چلپی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علامہ متقی نے حدیث کی بڑی کتب سے اصول سُنّت کے بارے میں جتنی احادیث کو جمع فرمایا اس سے زیادہ کسی نے نہیں کیا

احمد عبدالجواد رحمہ اللہ کہتے ہیں جس نے اس کتاب کا مُطالعہ کیا گویا کہ اس نے حدیث کی ستّر سے زائد کتابوں کا مُطالعہ کیا

اُردُو ترجمہ

کنزُ العُمّال

فی سنن الأقوال والأفعال

مُستند کُتب میں رواۃ حدیث سے متعلق کلام تلاش کر کے حوالہ کے ساتھ شامِل کتاب ہے

جلد ۲

حصہ سوم، چہارم

تالیف

علّامہ علاءُ الدّین علی مُتّقی بن حسامُ الدّین ہندی بُرہان پوری

متوفی ۹۷۵ھ

مقدّمہ، عنوانات، نظرثانی، تصحیحات

مولانا مفتی احسانُ اللہ شائق صاحب مدظلہم

استاذ و معین مفتی جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

دارُالاشاعت

اُردو بازار، ایم اے جناح روڈ

کراچی پاکستان 2213768

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی
طباعت : ستمبر ۲۰۰۹ء علمی گرافکس
ضخامت : 680 صفحات

قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

...... ملنے کے پتے ......

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
مکتبہ معارف القرآن جامعہ دارالعلوم کراچی
بیت القرآن اردو بازار کراچی
مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد
مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور
مکتبہ رحمانیہ ۱۸۔ اردو بازار لاہور
مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

انگلینڈ میں ملنے کے پتے

AZHAR ACADEMY LTD.
54-68 LITTLE ILFORD LANE
MANOR PARK, LONDON E12 5QA

ISLAMIC BOOK CENTRE
119-121, HALLIWELL ROAD
BOLTON . BL1 3NE

امریکہ میں ملنے کے پتے

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
6665 BINTLIFF, HOUSTON,
TX-77074, U.S.A.

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY 14212, U.S.A

جیسا وہ اپنی صحت کی حالت میں عمل کرتا تھا۔ابن النجار عن انس

۶۸۴۴ ... جس بندے کو دنیا میں کوئی بیماری یا کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ اس کے گزرے ہوئے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ ایسے نہیں کہ جس گناہ کی سزا دے چکے پھر اس کی سزا دیں۔الرویانی، طبرانی وابن عساکر عن بلال بن ابی بردة عن ابیه عن جده ابی موسیٰ

۶۸۴۵ ... جسے کوئی بدنی بیماری یا تکلیف ہوئی پھر اس سے پوچھا گیا: تم کیسے ہو؟ اس نے اپنے رب کی اچھی تعریف کی، تو اللہ تعالیٰ ملاء اعلیٰ میں اس کی مدح فرماتے ہیں۔الدیلمی عن عائشه رضی الله عنها

۶۸۴۶ ... مؤمن مرد اور عورت کے مال بدن اور اولاد میں مصیبت برابر رہتی ہے حتی کہ وہ اسی حالت میں اللہ تعالیٰ سے جا ملے اور اس کے ذمہ کوئی گناہ نہ ہو۔مسند احمد وهناد، ابن حبان، حلیة الاولیاء، حاکم، بیهقی عن ابی هریرة رضی الله عنه

۶۸۴۷ ... مؤمن بندے کو جو مصیبت بھی پہنچتی ہے چاہے کوئی کانٹا ہو جو اس کے چبھے یا کوئی تکلیف ہو جو اسے پہنچے یا غصہ پی جانے کی سختی جب اس پر غصہ کیا جائے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کے گناہ ختم کر دیتے ہیں۔بیهقی عن عائشه رضی الله عنها

۶۸۴۸ ... مؤمن بندے کو جو تکلیف، بیماری، غم اور پریشانی پہنچتی ہے چاہے کوئی کانٹا ہی اس کے چبھے تو اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ اس کے گناہ ختم کر دیتے ہیں۔ابن حبان عن ابی هریرة وابی سعید

۶۸۴۹ ... انسان کو لکڑی کی جو خراش لگتی ہے یا پاؤں کی ٹھوکر یا کسی رگ کا پھڑکنا تو یہ کسی نہ کسی گناہ کی وجہ سے ہوتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ بخش دیتے ہیں وہ کہیں زیادہ ہیں۔بیهقی عن قتاده، مرسلاً سعید بن منصور عن الحسن، مرسلاً

۶۸۵۰ ... مصیبت ہر روز کہتی ہے: میں کہاں کا رخ کروں؟ تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: میرے دوستوں اور میری فرمانبرداری کرنے والوں کی طرف، میں تیری وجہ سے ان کی باتیں آزماؤں گا، اور ان کے صبر کا امتحان لوں گا، ان کے گناہ مٹاؤں گا، ان کے درجات بلند کروں گا اور راحت ہر روز کہتی ہے: میں کہاں کا رخ کروں؟ تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: میرے دشمنوں اور میری نافرمانی کرنے والوں کا، میں تیری وجہ سے ان کی سرکشی بڑھاؤں گا، ان کے گناہ زیادہ کروں گا اور انہیں (عذاب دینے میں) جلدی کروں گا اور اپنے ہاں ان کی غفلت زیادہ کروں گا۔

الدیلمی عن انس

۶۸۵۱ ... قیامت کے روز شہید کو لایا جائے گا اور حساب کے لیے اسے کھڑا کیا جائے گا صدقہ دینے والے کو لایا جائے گا اور حساب کے لیے کھڑا کیا جائے گا، پھر مصیبت زدہ کو لایا جائے گا اس کے لیے ترازو نصب ہوگا اور نہ اعمال نامہ کھولا جائے گا، اور اس پر (پانی کی طرح) اجر بہایا جائے گا، جس کے نتیجہ میں عافیت وسلامتی والے لوگ تمنا کرنے لگیں گے کہ کاش ان کے جسم (لوہے کی) قینچیوں سے کاٹے جاتے ہیں، اہل مصیبت کے اچھے ثواب کی وجہ سے۔طبرانی فی الکبیر عن ابن عباس

۶۸۵۲ ... عیسیٰ علیہ السلام چلتے رہتے شام ہوتی تو صحرا کی کوئی سبزی کھا لیتے اور صاف پانی پی لیتے، مٹی کو تکیہ بنا لیتے، پھر فرمایا: عیسیٰ بن مریم کا کوئی گھر نہ تھا جو خراب ہوتا اور نہ کوئی بیٹا تھا جو مرتا، ان کا کھانا صحرا کی سبزی اور ان کا مشروب صاف پانی اور ان کا تکیہ مٹی تھی۔

صبح ہوتی تو پھر چل پڑتے، ایک وادی سے گزرے تو وہاں ایک اندھا اپاہج شخص دیکھا جو جذام میں مبتلا تھا، جذام نے اس کے (گوشت) ٹکڑے کر دیئے تھے، (اس عالم میں کہ) اوپر آسمان، نیچے وادی، دائیں جانب برف بائیں جانب اولے، اور وہ کہہ رہا تھا، الحمدلله رب العالمین تین بار، تو عیسیٰ علیہ السلام نے اس سے فرمایا: اے اللہ کے بندے! تو کس بات پر اللہ تعالیٰ کی تعریف کر رہا جبکہ تو نابینا، اپاہج اور کوڑھی ہے کوڑھ نے تیر ٹکڑے کر رکھے ہیں؟ تیرے اوپر آسمان، تیرے نیچے وادی تیری دائیں طرف برف بائیں طرف اولے ہیں؟ وہ شخص بولا: اے عیسیٰ! میں اس وقت اللہ تعالیٰ کی تعریف کر رہا ہوں جبکہ کوئی یہ کہنے والا نہیں کہ آپ الہ ہیں یا الہ کے بیٹے یا تین میں سے تیسرے ہیں۔

الدیلمی وابن النجار عن جابر رضی الله عنه

تشریح: ..... یعنی عیسیٰ علیہ السلام نہ خود الہ ہیں نہ خدا کے بیٹے اور نہ تین میں سے تیسرے۔